© rasailojaraid.com

سید عطاء المحسن بخاری

# فضائل امیر المؤمنین، خلیفہ راشد سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ

## اقوالِ سید المرسلین وخاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

۱۔ يبعث الله معوية يوم القيمة وعليه رداء من نورالايمان

۱۔ اللہ تعالیٰ معاویہ رضی اللہ عنہ کو قیامت کے دن ایسی حالت میں اٹھائیں گے کہ ان پہ نور ایمان کی چادر ہو گی۔

۲۔ يامعوية ان وليت امرا فاتق الله واعدل

۲۔ اے معاویہ رضی اللہ عنہ! اگر تم والی و حاکم بنا دیئے جاؤ تو اللہ سے ڈرتے رہنا اور انصاف کرتے رہنا۔ (انصاف کرنا)

۳۔ يامعوية ان ملكت فاحسن

۳۔ اے معاویہ رضی اللہ عنہ اگر تجھے حکومت مل جائے تو حسن سلوک کرنا۔

۴۔ ان معاوية لايصارع احدا الا صرعه معوية

۴۔ بیشک معاویہ کو کوئی نہیں پچھاڑسکے گا مگر معاویہ (پنجہ آزمائی کرنے والے) کو پچھاڑسے گا۔

۵۔ اللهم علم معوية الكتب والحساب وقه العذاب

۵۔ اے اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو حساب و کتاب سکھا اور انہیں عذاب سے بچا

۶۔ اللهم علمه الكتب والحساب ومكنه فی البلادوقه العذاب

۶۔ اے اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو تحریر اور حساب سکھا اور شہروں میں ان کو تمکن فرما اور ان کو عذاب سے بچالے۔

۷۔ اللهم علمه العلم واجعله هاديا مهد يا واهده واهدبه
كنزالعمال ص ۴۲۸/۴۲۹ ج ۱۱
عن جابر مرفوعاً

۷۔ اے اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو علم سکھا اور اسے ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنا اور اسے ہدایت دے۔ اور اس کے ذریعہ ہدایت عام کر دے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے

۸۔ اذارايتم معاوية فاقبلوه فانه امين مامون البدايه ص ۱۳۳ ج ۸

۸۔ جب تم معاویہ رضی اللہ عنہ کو دیکھو تو پس اس کی اطاعت کرو۔ پس بے شک وہ امانت دار اور امن والا ہے۔

۹۔ يامعوية ان وليت امرا فاتق واعدل

۹۔ اے معاویہ رضی اللہ عنہ اگر تجھے امارت سونپی جائے تو اللہ سے ڈرنا اور عدل کرنا۔

۱۰۔ قال رسول صلى الله عليه وسلم اما انك ستلی امر امتی بعدی

۱۰۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب میرے بعد تجھے میری امت کی ولایت سونپی جائے گی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


١١- احضروامركم واشهد وه امركم فانه قوى امين: ص ١٢٢ج ٨

١٢- اللهم اهده بالهدى وجنبه الردى واغفرله فى الاخره والاولى ابدايه ص ١٢٠ ج ٨

١٣- عن ارباض بن سارية السلمى اللهم علم معاويه الكتب والحساب وقة العذاب وفى روايه بشربن السرى وادخله الجنه ص ١٢٠- ١٢١

١٤- عن ابن عباس رضى الله عنهما قال اتى جبريل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا محمد اقرى معاوية السلام واستوص به خيرا فانه امين الله على كتبه ووحيه ونعم الامين.

١٥- قال جبريل: اسنكتبه فانه امين

١٦- (رسول الله صلى الله عليه وسلم لمعاوية) والله ما استكتبك الا بوحى من الله ص ١٢٠!

١٧- قال الحسن بن على ابن ابى طالب سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم لقول لا تذهب الأيام والليالى حتى يملك معاويه ابدايه ص ١٣١ ج ٨

۱۱- اس کے سامنے اپنے معاملات پیش کرو اور انہیں اپنے معاملات کا گواہ بنا وہ طاقتور امانتدار ہے۔

۱۲- اے اللہ انہیں ہدایت کی راہ پر چلا اور انہیں برائیوں سے محفوظ فرما اور انہیں دنیا و آخرت میں معاف فرما۔

۱۳- حضرت عرباض بن ساریہ السلمی سے روایت ہے (رسول اللہ ﷺ نے فرمایا) اے اللہ معاویہؓ کو حساب و کتاب سکھا اور انہیں عذاب سے بچا اور بشر بن السری کی روایت میں ہے اور انہیں جنت میں داخل فرما۔

۱۴- سیدنا عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے جبریل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم معاویہؓ کو سلام کہو اور ان کے حق میں حسن سلوک کی وصیت کرو کیونکہ وہ اللہ کی کتاب اور اس کی وحی پر اللہ کا امین ہے۔ اور کیا ہی اچھا امین ہے۔

۱۵- جبریل علیہ السلام نے کہا معاویہؓ کو وحی کی کتابت پر مقرر کر دیں بے شک وہ امین ہے۔

۱۶- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاویہؓ سے کہا اللہ کی قسم میں نے تجھے کتابت پہ خود بخود مامور نہیں کیا بلکہ اللہ کے حکم سے متعین کیا ہے۔

۱۷- سیدنا حسنؓ بن علیؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ دن اور رات کی گردش جاری رہے گی یہاں تک امیر معاویہؓ ملک بن جائیں گے۔

© rasailojaraid.com